جنوری 2025ءکاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

دسمبر کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے کم بارشیں ہوئیں۔ جنوری کے دوران پورے ملک میں معمول کے قریب بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ وسطی خیبر پختونخواہ ،شمالی اور مشرقی پنجاب میں معمول سے تھوڑی زیادہ بارشیں ہونے کا امکان ہے۔ ملک کے جنوبی علاقوں میں معمول کے قریب بارشوں کی توقع ہے۔

ماہ جنوری کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

١- جنوری موسم سرما کا سرد ترین مہینہ ہوتا ہے اس کے دوران عموماً بالائی علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے چلا جاتا ہے اور بلند پہاڑوں پر برفباری ہوتی رہتی ہے۔

٢- کم ترین درجہ حرارت جہاں فصلوں کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے وہاں اس کے کچھ فوائد بھی ہوتے ہیں۔ جیسا کہ سیب کے لئے شدید سردی جبکہ مالٹے اور کینو وغیرہ کے لئے برفباری فائدہ مند ہوتی ہے۔

٣- سبزیوں کے پودے عام طور پر بہت نازک ہوتے ہیں جو حفاظتی اقدامات کی عدم موجودگی میں شدید سردی سے مرجھا جاتے ہیں۔

۴- گندم اور جو وغیرہ کی نشو نما بھی انتہائی کم درجہ حرارت میں رک جاتی ہے اور پودے دن کی روشنی میں اپنے لئے بنائی ہوئی خوراک کو بوٹا کرنے میں صرف کر لیتے ہے۔

۵۔ کورا پڑنے پر فصلوں وغیرہ کے بچاؤ کیلئے حفاظتی تدابیر جاری رکھیں۔ دن کے اوقات میں پودوں پر رکھی ہوئی خشک گھاس کو تھوڑا کھول دیں تاکہ پودا سورج کی روشنی سے اپنی خوراک لیتا رہے تاکہ اس سے اس کی قوت مدافعت برقرار رہے۔

٦- جڑی بوٹیاں فصل کے پودوں کے حصے کا پانی اور خوراک زمین سے استعمال کر لیتی ہیں تو پودے نہ تو بوٹا کرتے ہیں اور نہ ہی صحت مند رہ سکتے ہیں۔ ابھی گندم اور دیگر موسمی فصلیں زیادہ بڑی نہیں ہوئیں تو ان کی تلفی کا بندوبست کر کے فصلوں کو اچھی پیداوار کے لئے تیار کر سکتے ہیں۔

٧- جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے محکمہ زراعت کی سفارش کردہ مختلف کیمیائی ادویات استعمال کی جاسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ ہاتھ سے بھی جڑی بوٹیاں تلف کر سکتے ہیں۔

٨- کاشت کے بعد کسان حضرات محکمہ زراعت کی سفارش کردہ مقدار میں آبپاشی، کھادیں اور ادویات کا استعمال کریں۔

٩- ماہ جنوری کے دوران بالائی، وسطی اور میدانی علاقوں میں ٹھنڈی ہوائیں چلنے اور کورا پڑنے کا امکان ہے۔ کسان بھائی اپنی فصلوں، پھل دار پودوں اور نرسریوں کو ان کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے مناسب بندوبست کریں۔

❖ **کسان حضرات موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

١- نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

٢۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر:-4- 051-9250363

٣۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴- ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈو جام۔ فون نمبر: 022-9250558

٧۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd.gov.pk ملاحظہ فرمائیں۔